جسٹس محمد کرم شاہ صاحب کے
اہلسنت و جماعت سے اعتزالی نظریات کا تحقیقی و

تنقیدی جائزہ

مع

اہم فتاویٰ

ناشر: انجمن فکر رضا پاکستان

جسٹس کرم شاہ صاحب الازہری کے اعتزالی نظریات کا

تحقیقی وتنقیدی جائزہ

اور

اہم فتاویٰ

تالیف وترتیب

مولانا محمد ہارون رشید

0333-4690408,0346-6029257

ناشر: انجمن فکر رضا لاہور

انتساب

حضور پر نور، لامع النور، موفور السرور، قامع الشرور والفسق والفجور، غوث الانام، مجمع العلم و الحلم والاحترام، امام العلماء و مقدام الفضلاء، لازال بالافادة والعز والاکرام، عالم اہل سنت مجدد مائۂ حاضرہ، الحافظ، القاری، محمد احمد رضا خان قادری برکاتی بریلوی رضی اللہ عنہ۔ اور حضور مناظر اعظم، مظہر اعلیٰ حضرت، فخر الواعظین، زبدۃ السالکین، عالم شریعت، علامۃ الدھر شیر بیشۂ اہل سنت، مولانا مفتی حشمت علی خان قادری برکاتی رضوی مجددی لکھنوی رضی اللہ عنہ کے نام نامی اسم گرامی سے منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے کہ مذکورۃ الصدر دونوں بزرگوں نے بدمذہبیت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا اور امت مسلمہ کے ایمانوں کو بچایا۔ انہی بزرگوں کی تصانیف کا فیضان ہے کہ فقیر آج صحیح العقیدہ سُنی مسلمان ہے۔ وللہ الحمد

سگِ غوث و رضا

محمد ہارون رشید لاہور

وجہِ تالیف

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

اسلام اللہ تعالیٰ کا وہ پسندیدہ دین ہے جو حضور نبی کریم ﷺ صحابہ کرام علیہم الرضوان تابعین اور تابع تابعین کے ذریعے ہم تک پہنچا۔ ان حضرات مقدسہ نے جن عقائد و نظریات کی ترجمانی کی ان نظریات پر کاربند مسلمانوں کو اہلسنت و جماعت کہا جاتا ہے۔

اہلسنت و جماعت ہی وہ ناجی گروہ ہے جس کے بارے میں مصطفیٰ کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ جنتی گروہ ہے۔ حدیث شریف ملاحظہ ہو:

ان بنی اسرائیل تفرقت علی اثنان و سبعین فرقة و ستفترق امتی علی ثلاث و سبعین ملة کلهم فی النار الا ملة واحدة قالوا من هی قال ما انا علیه و اصحابی و فی روایة واحده فی الجنة وهی الجماعة

یعنی امت محمدیہ ۷۳ فرقوں پر منقسم ہو گی ان میں سے ایک جنتی ہے باقی کل دوزخی اور علامات اس بہشتی گروہ کی یہ ہیں کہ من حیث العقائد و الاقوال تو وہ ایک جماعت ہے اور من حیث الاعمال والاقوال متبع سنت ہے۔

نتیجہ یہ کہ اہلسنت و جماعت جنتی گروہ ہے اس جنتی گروہ کو چھوڑ کر ہر دور میں بعض لوگوں نے اسلام میں تفرقہ بازی کی کوششیں کیں مثلاً خارجیوں نے اپنا گروہ الگ بنایا۔ شیعوں نے اس ناجی گروہ سے علیحدہ روش اپنائی۔ معتزلہ نے اسلام کے مسلمہ اصولوں سے روگردانی اختیار کی۔ اسی طرح ابن تیمیہ و ابن قیم کی تعلیمات سے متاثر ہو کر محمد بن عبدالوہاب نجدی نے وہابی تحریک کی صورت میں اسلام کا شیرازہ بکھیرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ اسی وہابی تحریک سے متاثر ہو کر "تقویۃ الایمان" نامی کتاب لکھی گئی جس میں حضور نبی کریم ﷺ کی شان اقدس